Government of Karnataka

علمِ ریاضی

MATHEMATICS

3

برائے جماعت سوّم

Third STANDARD

(Part-II) حصّۂ دوّم

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY(R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

G7Z2E4

حصّۂ دوّم (Part-II)

فہرست مضامین

نمبر شمارہ	اسباق کے نام	صفحہ نمبر
6	تقسیم	1 - 12
7	ذہنی حساب	13 - 25
8	کسریں	26 - 44
9	رقم	45 - 67
10	پیمائشات ، لمبائی وزن وقت	68 * 102
11	مفروضات کا استعمال	103 –112
12	نمونہ جات	113 - 142

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب: 6

تقسیم


W5U6N5

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- گروہ بندی اور مساوی حصّے کر کے تقسیم کی وضاحت کرنا۔
- تقسیم کا تعلق ضرب سے ہے۔
- تقسیم کی حقیقی تکمیل: گروہ بندی کے ذریعہ ضربی پہاڑوں کے استعمال سے کرنا۔
- مساوی بانٹنا اور گروہ بندی کرنا۔

۔۔۔سیکھ پاؤ گے۔

راجو کی طعبیت ٹھیک نہیں تھی۔ وہ ڈاکٹر کے پاس گیا۔ ڈاکٹر نے اس کا معائنہ کیا اور 8 گولیاں دیں۔ اور روزانہ 2 گولیاں لینے کا مشورہ دیا۔ اب مجھے بتاؤ کہ وہ ان گولیوں کو کتنے دن لے گا؟



پہلے دن 2 گولیاں لیتا ہے۔


دوسرے دن 2 گولیاں لیتا ہے۔

تیسرے دن 2 گولیاں لیتا ہے۔

چوتھے دن 2 گولیاں لیتا ہے۔

ان 8 گولیوں کو وہ 4 دن استعمال کرتا ہے۔

لہٰذا 8 کو 4 گروہوں میں 2 گولیاں رکھتے ہوئے گروہ بندی کر سکتے ہیں۔



2 کے 4 گروہ میں 8 گولیاں ہوتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @ITES

2. لتا کے پاس 12 غبارے تھے۔ وہ اپنی سہیلیوں کو مساوی تعداد میں بانٹنا چاہتی ہے۔ تو ہر ایک کو کتنے غبارے ملیں گے۔



پہلے وہ اپنی ہر 4 سہیلیوں کو ایک غبارہ دیتی ہے۔



$$\begin{array}{r} 12 \\ -\ 4 \\ \hline 8 \end{array}$$

دوبارہ وہ ایک اور غبارہ دیتی ہے۔

بقیہ 4 غبارے وہ ہر ایک کو ایک ایک دیتی ہے۔

ہر ایک کو 3 دیتے ہوئے 12 کو 4 گروہوں میں بانٹتی ہے۔



$$\begin{array}{r} 8 \\ -\ 4 \\ \hline 4 \end{array}$$

∴ 12 کو 3 کے 4 گروہ میں بانٹا گیا ہے۔

ہر ایک کو 3 سے 4 گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔



$$\begin{array}{r} 4 \\ -\ 4 \\ \hline 0 \end{array}$$

∴ 4 سے 12 کی تقسیم 3 ہے

$$\begin{array}{r} 3 \\ 4\overline{)12} \\ 12 \\ \hline 00 \end{array}$$

مساوی بانٹا یا گروہ کرنے کے عمل کو تقسیم کہتے ہیں۔

تقسیم کی علامت ÷

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

مشق 6.1:

1. 12 گیندوں کو 3 کے گروں میں تقسیم کیجئے




2. مچھلیوں کو 4 کے گروہ میں تقسیم کیجئے۔



3. شکل کی طرح جانوروں کے چہروں کو 2 کے گروہ میں تقسیم کیجئے۔



4. شکل کی طرح گولیوں کو 5 کے گروہ میں تقسیم کیجئے۔




5. شکل کی طرح لالی پاپ کو 6 گروہ میں تقسیم کیجئے۔



NOT TO BE REPUBLISHED


II. منکوں کو تاروں میں پروئیے۔ تاکہ ہر تار میں منکوں کی تعداد مساوی ہو۔

مثال: 9 منکوں کو 3 تاروں میں پروئیے۔




ہر تار میں 3 منکے پروئیے


1. 20 منکوں کو 5 تاروں میں پروئیے۔




2. 24 منکوں کو 4 تاروں میں پروئیے۔



3. 36 منکوں کو 6 تاروں میں پروئیے۔




4. 14 منکوں کو 2 تاروں میں پروئیے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تقسیم اور ضرب کا تعلق


4x3=12



3 مرتبہ 4، 12 ہوتے ہیں

$4 \times 3 = 12$

12 پھولوں کو 4 کے 3 گروہ بنا سکتے ہیں۔



4) 1 2 (3
1 2
0 0

عمل ضرب		عمل تقسیم
4 x 3 = 12	→	12÷4=3
3 x 4 = 12	→	12÷3=4

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہر عمل ضرب کے لئے عمل تقسیم مطابقت رکھتا ہے

∴ تقسیم اور ضرب کا ایک دوسرے سے تعلق ہے

مثال:

1. $6 \times 2 = 12$ → $12 \div 2 = 6$, $12 \div 6 = 2$
2. $4 \times 7 = 28$ → $28 \div 7 = 4$, $28 \div 4 = 7$
3. $8 \times 3 = 24$ → $24 \div 3 = 8$, $24 \div 8 = 3$

6.2

1. خانہ پُری کیجئے۔

1.	7×3=21	جب کہ	21 ÷ 3 = ...
2.	9×6=54	جب کہ	54 ÷ 6 = ...
3.	5×8=40	جب کہ	40 ÷ ..... = 5
4.	5×2=10	جب کہ	10 ÷ 2 = ...
5.	3×6=18	جب کہ	.....÷ 6 = 3
6.	7×9=63	جب کہ	63 ÷ ..... = 7

II. عملِ تقسیم کو عملِ ضرب سے خطِ کھینچ کر ملائیے۔

	A	B
1)	8 ÷ 2 = 4	5 × 3 = 15
2)	20 ÷ 4 = 5	9 × 3 = 27
3)	18 ÷ 2 = 9	4 × 2 = 8
4)	15 ÷ 3 = 5	5 × 4 = 20
5)	27 ÷ 3 = 9	8 × 2 = 16
6)	16 ÷ 2 = 8	9 × 2 = 18

II. ہر ایک عملِ ضرب کے لئے مطابقت رکھنے والا عملِ تقسیم لکھئے۔

1. 8 × 4 = 32 → 32 ÷ 4=8, 32÷ 8 =4

2. 9 × 8 = 72 →

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

3. $7 \times 6 = 42$

4. $8 \times 7 = 56$

5. $10 \times 5 = 50$


گروہ بندی سے تقسیم کیجئے:

اکبر کے پاس 12 پین تھے۔ وہ چار پین اسٹانڈ میں مساوی طور پر رکھنا چاہتا ہے۔ وہ ہر پین اسٹانڈ میں کتنے رکھے گا؟

- پہلے ایک پین ایک پین اسٹانڈ میں رکھتے ہوئے شروع کیجئے۔



- پھر ایک اور پین رکھئے



- بقیہ 4 کو ہر ایک پین اسٹانڈ میں ایک کی طرح رکھئے۔



تو 12 کو 3 کے 4 گروہ بنا سکتے ہیں۔

$\therefore \quad 12 \div 4 = 3$

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

پہاڑے کے استعمال سے تقسیم

ضربی پہاڑوں سے ہم تقسیم کر سکتے ہیں۔

1) $12 \div 4$ 4 کا 3 گنا 12 ہے

$4 \times 3 = 12$

$\therefore 12 \div 4 = 3$

4) 1 2 (3
1 2
0 0

مثال: $45 \div 5$)

45، 5 نو ہیں

$\therefore 45 \div 5 = 9$

$45 \div 5 = 9$

45 ↓ مقسوم، 5 ↓ مقسوم علیہ، 9 ↓ خارج قسمت

5) 4 5 (9
4 5
0 0

خارج قسمت = مقسوم علیہ ÷ مقسوم

2) $28 \div 7$

7 چار 28 کے مساوی ہیں

$\therefore 28 \div 7 = 4$

خارج قسمت 4) 2 8 (7 مقسوم علیہ ، مقسوم
2 8
0 0
بچت

☆ کسی بھی عدد کو اسے تقسیم کیا جائے تو وہی عدد خارج قسمت ہوگا۔

مثال: $3 \div 1 = 3$, $4 \div 1 = 4$, $5 \div 1 = 5$


☆ کسی بھی عدد کو (صفر چھوڑ کر) اسی عدد سے تقسیم کیا جائے تو خارج قسمت 1 ہوگا۔

مثال: $3 \div 3 = 1$, $4 \div 4 = 1$, $5 \div 5 = 1$

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق:6.3

ذیل کی گروہ بندی کیجئے اور تقسیمی عمل کا طریقہ لکھئے۔




1.\ انڈوں کی جملہ تعداد=16

ہر گروہ میں انڈوں کی تعداد=4

گروہوں کی تعداد=4

$\therefore \quad 16 \div 4 = 4$



2. سیب کی جملہ تعداد=30

ہر گروہ میں سیب کی تعداد=6

گروہوں کی تعداد=_____



3. برتن کی جملہ تعداد=9

ہر گروہ میں برتن کی تعداد=3

گروہوں کی تعداد=_____



4. موم بتیوں کی جملہ تعداد=40

ہر گروہ میں موم بتیوں کی تعداد=5


گروہوں کی تعداد=_____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

5. لٹّوؤں کی جملہ تعداد=18

ہرگروہ میں لٹّوؤں کی تعداد=2

گروہوں کی تعداد=_____




II. ضربی پہاڑے کے استعمال سے تقسیمی عمل لکھئے۔

1. لڑکیاں:16 ہیں

ہرگروہ میں:2

کتنی جوڑیاں ہیں؟

جواب:8 جوڑیاں 16 ÷ 2 = 8



2. 3 قطاروں میں 18 درخت ہیں

ہرایک قطار میں کتنے درخت ہیں؟

جواب:_____



3. 36 چاکلیٹ ہیں

ہرلڑکے کو:4

لڑکے کتنے ہیں؟

جواب:_____




4. ڈبل روٹی کے ٹکڑے:10 ہیں

ہرسیانڈوچ میں ٹکڑے:2

کتنے سیانڈوچ بنا سکتے ہیں؟

جواب:_____



© BOOKTBS NOT TO BE REPUBLISHED




5. 64 سپاہی ہیں۔

ہر قطار میں: 8

قطار کتنے ہیں؟

جواب: _____ _____

III. ذیل کو تقسیم کیجئے۔ اور خاکے میں دئے گئے جواب کو ایک ہی رنگ سے رنگ کیجئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1. 6 ÷ 2

2. 60 ÷ 10

3. 49 ÷ 7

4. 8 ÷ 8

5. 20 ÷, 5

6. 18 ÷ 9

7. 5 ÷ 1

8. 30 ÷ 3

9. 81 ÷ 9

10. 72 ÷ 9

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

باب 7

ذہنی ارثمات

Z3F3J8

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- ایک اور دو ہندسی اعداد کی جمع اور تفریق ذہنی طور پر کرنا۔
- ذہنی طور پر دو ہندسی عدد کو دو گنا کرنا۔(نتیجہ: دو ہندسوں سے زیادہ نہیں) سیکھ پاؤ گے۔

جادوئی مربع

سرگرمی 1:



ہاں ہر صف اور کالم کا حاصل جمع 8 ہے۔

2	+	4	+	2
+				+
5		8		3
+				+
1	+	4	+	3

2 + 4 + 2 = 8

2 + 5 + 1 = 8

1 + 4 + 3 = 8

2 + 3 + 3 = 8

سرگرمی 2:



مجھے کن ہندسوں کو جمع کرنا چاہئے کہ مجموعہ 10 حاصل ہو۔

2	+	3	+	5
+				+
		10		
+				+
	+		+	

2 + 3 + 5 = 10

__ + __ + __ = 10


__ + __ + __ = 10

__ + __ + __ = 10

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اعداد سے کھیلیے:

سرگرمی 3:



جان، رادھا، گوری، پرکاش، اور جیوتی نے املی کے پیڑ کے نیچے گرے ہوئے املی کے بیج جمع کئے ہیں۔ اُن کے پاس جمع کئے بیجوں کا مشاہدہ کیجئے۔

ذیل کے جوابات ذہنی طور پر دیجئے۔


- جان اور رادھا دونوں کے پاس 38 املی کے بیج ہیں۔ صحیح یا غلط بتایئے _____
- گوری اور پرکاش کے پاس جملہ کتنے املی کے بیج ہیں؟ _____
- جیوتی سے رادھا کے پاس املی کے بیج کتنے زیادہ ہیں؟ _____
- اگر گوری اور جان کے املی کے بیج کی تعداد مساوی ہوں تو جان کو 7 بیج زیادہ جمع کرنا ہوگا۔ بتایئے صحیح یا غلط؟ _____
- اگر رادھا اور جیوتی کے املی کے بیج کی تعداد مساوی ہوں تو جیوتی کو کتنے بیج زیادہ جمع کرنا ہوگا؟ _____
- اگر پرکاش اور گوری دونوں سے ملا کر 50 بیج ہوں تو پرکاش کے پاس کتنے بیج ہونگے؟ _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی 4: 100 تک پہنچنے کا کھیل۔



@KTB NOT TO BE REPUBLISHED



اسی طرح 1 سے 9 تک کوئی بھی عدد جمع کرتے ہوئے کھیل کو جاری رکھیں۔اس کھیل کو 2 طلباء کے درمیان یا 2 ٹیم کے درمیان کھیلا جا سکتا ہے۔۔
جو کوئی پہلے 100 تک پہنچے گا اُسی کی جیت ہوگی۔

ذہنی حساب کیجئے۔صحیح یا غلط لکھئے۔

1) 10 + 10 = 20 + 5 = 25 + 6 = 31 ..... صحیح .....

2) 50 - 5 = 45 - 10 = 35 - 4 = 30 ..... غلط .....

3) 25 + 3 = 28 + 4 = 32 + 5 = 39 .....

4) 60 - 3 = 57 - 5 = 52 - 6 = 46 .....

5) 40 + 9 = 49 + 8 = 57 + 7 = 64 .....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1)  40 +  12 = 52

2)  75 +  13 = ☐

3)  80 +  10 = 70

4)  75 +  35 = ☐

5)  90 +  7 = ☐

ذیل کی طرح خالی جگہ پُر کیجئے۔

1) پچیس = پانچ-تیس
2) آٹھ+چالیس = ____
3) چھیاسٹھ = سات+انسٹھ
4) نو-انسٹھ = ____
5) ننانوے = نو+نوے
6) دس+پندرہ = ____
7) سترہ+بیس = ____
8) تیس = پندرہ-پینتالیس
9) سترہ-ستیہتر = ____
10) پندرہ+چوسٹھ = اسّی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق:7.1

I. ذہنی حل کیجئے۔اگر صحیح ہوتو ✓ اور غلط ہوتو × ذیل کی طرح لکھئے۔

1) 10 + 5 =15	✓	2) 12 + 7 =20	×
3) 18 +10 =28	☐	4) 15 +19 =24	☐
5) 20 - 15 =15	☐	6) 20 - 6 = 4	☐
7) 18 - 7 =12	☐	8) 35 - 9 =26	☐
9) 40 - 30 =10	☐	10) 29 - 5 =24	☐
11) 32 +18 =48	☐	12) 38 + 8 =56	☐
13) 50 - 32 =28	☐	14) 42 - 12 =20	☐
15) 25 +35 =60	☐	16) 59 + 7 =66	☐

II. ذہنی حساب کیجئے۔ذیل میں بتائے جیسے صحیح یا غلط لکھئے۔

1)چوبیس=نو+پندرہ ✓

2)دس=آٹھ-بیس ☐ 3)پانچ=دس-پندرہ ☐

4)پچاس=سولہ+چوبیس ☐ 5)بیس=پچیس-پینتالیس ☐

III. ذہنی حساب کیجئے اور جواب لکھئے۔

1)اکیس=بارہ+نو

2)تیرہ+گیارہ=___

3)آٹھ-چوبیس=___

4)پندرہ+باسٹھ=___

5)دس-اکتیس=___

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. ذہنی حساب کیجئے اور خط کھینچ کر جوڑیئے۔

	A	B
1)	20-14	66
2)	بارہ+آٹھارہ	80
3)	پائنتیس+ پینتالیس	06
4)	29+7	30
5)	چوبیس+نوے	25
		36

V. ذہنی حساب کیجئے۔اور جواب لکھئے۔

1) 10 + 8 = ☐ 2) 20 - 7 = ☐

3) 15 - 7 = ☐ 4) 38 + 7 = ☐

5) 18 + 9 = ☐ 6) 40 - 6 = ☐

7) 25 - 6 = ☐ 8) 39 + 8 = ☐

9) 42 + 8 = ☐ 10) 27 - 8 = ☐

ذہنی حساب کیجئے اور جواب لکھئے۔

1) آپ کے پاس 18 گولیاں ہیں۔آپ نے کھیل میں اور 17 گولیاں جیتی ہیں۔اب آپ کے پاس کتنی گولیاں ہیں؟

2) آپ کے سالگرہ کے دن بانٹنے کے لئے آپ کے پاس 45 چاکلیٹ ہیں۔اگر آپ نے 32 چاکلیٹ دے دئے تو آپ کے پاس کتنے چاکلیٹ باقی رہے؟


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

3) آپ کے پاس 48 املی کے بیج ہیں۔ایک کھیل میں آپ 25 بیج ہار جاتی ہیں۔اب آپ کے پاس کتنے املی کے بیج رہے؟

4) ایک ڈبہ میں 87 آئس کیانڈی ہیں۔اگر اور 9 آئس کیانڈی ڈبہ میں جمع کریں تو ڈبہ میں کتنے آئس کیانڈی ہونگے ؟

5) مٹھائی کے دکان میں 60 لڈوّ ہیں۔اگر 29 لڈّو فروخت کئے جائیں۔تو کتنے لڈو باقی رہینگے ؟

کھیل:




NOT TO BE REPUBLISHED

ایک بندر سیڑھی پر اُچھل رہا ہے۔پہلی مرتبہ وہ 2 قدم، دوسری مرتبہ وہ 4 قدم، تیسری مرتبہ وہ 8 قدم اچھلتا ہے۔32 قدم سیڑھی پر چڑھنے کے لئے کتنی مرتبہ بندر کو اچھلنا پڑے گا؟

دوگنا کرنے کا جادوگری کھیل

میرے پاس 13 املی کے بیج ہیں۔ میری قابلیت دیکھئے کچھ بھی میری ٹوپی میں ڈالوں تو وہ دوگنا ہوجاتا ہے۔



پڑھو اور سیکھو:

10 کی دوگنا قیمت=20 　　11 کی دوگنا قیمت=__

13 کی دوگنا قیمت=26 　　40 کی دوگنا قیمت=__

27 کی دوگنا قیمت=__ 　　15 کی دوگنا قیمت=30

30 کی دوگنا قیمت=60 　　17 کی دوگنا قیمت=__

21 کی دوگنا قیمت= 42 　　19 کی دوگنا قیمت =__


بقیہ اعداد کے لئے بھی دوگنا اعداد ذہنی لکھئے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

غور کیجئے۔

- دئے گئے عدد کو جب 2 سے ضرب دیا جائے تو وہ دوگنا ہو جاتا ہے۔
- جب ہم کسی عدد کو اُسی عدد میں جمع کریں تو وہ دوگنا ہو جاتا ہے۔

ہر ایک پھاٹک کے نیچے ایک عدد دیا گیا ہے۔ پھاٹک کے اوپری حِصّہ میں اس کا دوگنا عدد لکھئے۔



اگر بلّی ٹوینکل دودھ پینا چاہتی ہے۔ اُس کو ایک کے بعد ایک پھاٹک سے گذرنا ہے۔

یہ پھاٹک اسی وقت کھلیں گے جب پھاٹک پر دئے گئے عدد کا دوگنا عدد لکھا جائے۔ صحیح جواب لکھنے میں ٹوینکل کی مدد کیجئے۔

@KTM NOT TO BE REPUBLISHED

ایک عدد کو دوگنا کرنے کا کھیل

کھیل کے اُصول:

- 2 طلباء کھیل کو کھیلنا چاہئیے۔
- کھیل کو کھیلنے کے لئے صرف 2 ہندسی اعداد کا استعمال کرنا چاہئیے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اسی طرح کھیل کو جاری رکھئے۔

جو کوئی غلط جواب دیگا وہ کھیل سے ہار جائیگا۔

مشق:7.2

1) برتن کے لئے مناسب ڈھکن دریافت کیجئے۔

ہر ڈھکن پر ایک عدد لکھا گیا ہے اور اس سے مطابقت رکھنے والا دوگنا عدد برتن پر لکھا ہوا ہے۔ ڈھکن کو مناسب برتن سے خط کھینچ کر جوڑیئے۔



2) ذیل کے اعداد کو دوگنا کیجئے اور لکھئے۔

10 → 20	16 →	25 →
11 →	17 →	30 →
12 →	18 →	35 →
13 →	19 →	40 →
14 →	20 →	45 →
15 →	21 →	48 →

3) ذیل کے مثال کے مطابق دیئے گئے اعداد کو دوگنا کر کے لکھئے۔

مثال: انیس۔ اڑتیس

1) بیس →	2) چھبّیس →
3) اڑتیس →	4) بتیسّ →
5) ستائیس →	6) چوالیس →

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4) دئے گئے عدد کو 2 سے ذہنی ضرب دیجئے اور خانہ میں جواب لکھئے۔


×	7	9	12	24	36	43	49	50	100
2									

کیجئے اور کھیلئے:

ایک گتہ کا ٹکڑا لیجئے اور چھوٹے بڑے شکل میں بتائے گئے پہیے کاٹئے چھوٹے پہئے پر اعداد لکھئے اور اعداد کی دوگنا قیمت بڑے پہیئے پر لکھئے۔

چھوٹے پہئے کو بڑے پہیئے پر رکھئے۔ مرکز پر دونوں کو دھاگے سے جوڑیئے اب چھوٹے پہئے کے عدد کو اس سے مطابقت رکھنے والا دوگنا عدد بڑے پہئے پر جوڑیئے۔





☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Z3F3J8

باب:8

کسری اعداد

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- سالم کا آدھا۔ایک چوتھائی۔تین چوتھائی کی شناخت کرنا اور روزہ مرہ زندگی کے موقعوں سے جوڑنا۔
- آدھ 1/2 ایک چوتھائی (1/4) اور تین چوتھائی (3/4) کے علامات کی شناخت کرنا اور ان کے معنی بیان کرنا۔ ۔۔۔سیکھ پاؤ گے۔

آدھا، چوتھائی، تین چوتھائی۔







اکبر کی ماں اس کو ایک روٹی دیتی ہے اور کتّے کو کھلانے کو کہتی ہے۔ یہ دیکھ اس کی بہن سمینہ نے بھی کتے کو روٹی کھلانے کے لئے جھگڑا شروع کیا۔ ماں آئی جھگڑے کی وجہ دریافت کی۔ اور کہا کہ ہر ایک آدھی روٹی کھلا دو۔



NOT TO BE @KTBS REPUBLISHED

اشکال دیکھئے اور آدھے کی شناخت کیجئے۔

آدھی روٹی	دومساوی حصے	ایک روٹی
		
آدھا صفحہ	دومساوی حصے	ایک صفحہ
		
آدھا کیک	دومساوی حصے	ایک کیک
		
آدھا بسکٹ	دومساوی حصے	ایک بسکٹ
		
آدھا حصہ رنگا ہوا	دومساوی حصے	ایک مربع
		

© KBS
NOT TO BE REPUBLISHED



آدھا ڈرم پانی سے بھرا ہے۔

آدھا ڈرم خالی ہے۔



آدھا مربع کو رنگ کیا گیا ہے۔

آدھا مربع رنگ نہیں کیا گیا ہے۔




آدھا دائرہ کو لال رنگ لگایا گیا ہے۔


آدھے دائرہ کو سبز رنگ لگایا گیا ہے۔

ذیل میں اشکال دیئے گئے ہیں۔ تمام اشکال کو ٹکڑی خط کے استعمال سے دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرنا ہے


کیا آپ ٹکڑی خط کے استعمال سے تمام مناسب اشکال کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کریں گے ؟

مثال






















@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED














ذیل میں دئے گئے نصف حروف کا مشاہدہ کیجئے۔اور آدھا لکھ کر مکمل کیجئے۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


اگر ہم ایک نصف حصّہ کو دوسرے نصف پر رکھیں تو وہ ایک دوسرے پر منطبق ہونگے۔

دو مساوی حصوں میں ہر حصہ نصف حصہ کہلائے گا۔

اگر ہم دو نصف جوڑیں تو ایک سالم حاصل ہوگا۔

کرتے ہوئے سیکھئے۔

درج ذیل اشکال کے 4 صفحات لیجئے۔اب خطوطِ کھینچئے جیسا کہ شکل میں بتایا گیا ہے۔کیا اب ہر حصّہ صفحہ کا نصف ہے؟



ایک چوتھائی کتنا ہوتا ہے؟ معلوم کیجئے۔


ان چار بلّی کے بچّوں کے لئے اس بریڈ کو کس طرح چار مساوی حصّوں میں تقسیم کو گے؟



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چار مساوی حصوں میں ڈرم کا ایک حصّہ تیل سے بھرا ہے۔ڈرم کا ایک چوتھائی حصہ تیل سے بھرا ہوا ہے۔







مربع کو چار مساوی حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ایک حصہ رنگ کیا گیا ہے۔یعنی مربع کا ایک چوتھائی حصّہ رنگ کیا گیا ہے؟





موم بتی کو جلانے سے پہلے چار مساوی حصّے تھے۔ان کا ایک حصّہ پگھل گیا۔یعنی موم بتی کا ایک چوتھائی حصّہ پگھل گیا ہے۔











@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


لڑکی نے کتنا چاکلیٹ کھایا؟ وہاں چار حصے تھے اسنے ایک حصہ کھایا یعنی ایک چوتھائی حصہ کھایا





رنگ کیا حصہ ذیل کی شکل میں چوتھائی نہیں ہے۔ کیوں؟





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

یاد رکھئے:

چار مساوی حصوں میں، ہر حصہ چوتھائی کہلاتا ہے۔


نصف کا نصف چوتھائی کہلاتا ہے؟

ایک سالم میں چار چوتھائی ہوتے ہیں۔

کاغذ موڑ کر تین چوتھائی معلوم کیجئے۔

- ایک کاغذ کا صفحہ لیجئے اور 4 مساوی حصوں میں تقسیم کیجئے۔
- ایک حصہ کو سبز رنگ لگائیے۔ آپ جانتے ہیں کہ یہ چوتھائی ہے۔
- بقیہ تین حصوں کو سرخ رنگ لگائیے۔ سُرخ رنگ کے کتنے حصہ ہیں؟


ذیل میں دیے گئے اشکال پر غور کیجئے۔



- ڈرم کے 4 مساوی حصے ہیں۔ تین حصہ پانی بھرا ہوا ہے۔



- کیک کے 4 مساوی حصے ہیں۔ ایک حصہ کھایا ہوا ہے۔




- سیب کو 4 مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ایک حصہ کھایا گیا ہے۔

یاد رکھئے:
- چار مساوی حصوں میں تین حصے تین چوتھائی کہلاتے ہیں۔
- تین ایک چوتھائی حصے مل کر تین چوتھائی بنتا ہے

شکل کا مشاہدہ کیجئے اور اِعادہ کیجئے۔







ایک چوتھائی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دو چوتھائی (ایک آدھا)



تین چوتھائی




چار چوتھائی (ایک سالم)




@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 8.1:

مثال میں دکھائے گئے ظاہری حصّوں کو لکھئے۔




- غیر رنگ شدہ حصہ = آدھا
- رنگ شدہ حصہ = آدھا




غیر رنگ شدہ حصّہ = آدھا

- رنگ شدہ حصّہ = _____



- ہرا رنگ شدہ حصّہ = _____
- لال رنگ شدہ حصّہ = _____




- رنگ شدہ حصّہ = _____
- غیر رنگ شدہ حصّہ = _____




رنگ شدہ حصّوں کو مناسب کسروں سے جوڑ لگائیے

آدھا =



تین چوتھائی =



ایک چوتھائی =

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. مثال کی طرح لکھئے۔



مثال : چوتھائی کے جی



_____



_____

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

IV. مثال کی طرح لکھئے۔



_____

مثال : چوتھائی روپیہ →




_____

→




V. ہدایت کے مطابق اشکال کو رنگ کیجئے۔

1) آدھی شکل کو رنگ کیجئے۔



2) تین چوتھائی رنگ کیجئے۔




2) چوتھائی شکل کو رنگ کیجئے۔




@KBS
NOT TO BE REPUBLISHED

VI. ایک خط کھینچتے ہوئے اشکال کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کر کے آدھا رنگ کیجئے۔



VI. ذیل کے اشکال کو خط کھینچکر چوتھائی حصہ کو رنگ کیجئے۔



VIII. آپ کی پسند کی شکل کھینچ کر ذیل کے کسر کی نشاندہی کیجئے۔

مثال : چوتھائی



1) آدھا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2) چوتھائی

3) تین چوتھائی


آدھا۔ چوتھائی اور تین چوتھائی کا ہندسی اظہار

کسر کی شناخت کرنا اور سمجھنا


3/4 (تین چوتھائی) کی ہندسوں میں تشکیل

- 1/2 (آدھا) 1/4 (چوتھائی)
- مساوی حصّوں کی تعداد = 2

رنگ دار حصوں کی تعداد = ایک



- رنگ دار حصہ نصف کہلاتا ہے۔
- آدھے کا ہندسی طریقہ ہے۔۔۔۔۔۔۔



- خاکے میں مساوی حصوں کی تعداد = دو


سایہ دار حصّہ = ایک

رنگ شدہ حصے کا کسری اظہار ۔۔۔۔۔۔


اب اس کسر کا مطلب کیا ہے؟

@KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

ایک شئے کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ہر مساوی حصہ 1/2 ظاہر کرتا ہے۔



- خاکے میں مساوی حصوں کی تعداد چار ہے۔
- سایہ دار حصہ ایک ہے۔
- سایہ دار حصہ چوتھائی کہلاتا ہے۔
- چوتھائی کا اسطرح اظہار کیا جاتا ہے۔۔۔۔۔




- خاکے میں مساوی حصوں کی تعداد چار ہے۔
- رنگ دار حصہ کی تعداد ایک ہے
- رنگ دار حصہ کا کسری اظہار 1/4
- اس کا مطلب کیا ہے؟

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


جب ایک شئے کو چار مساوی حصوں میں تقسیم کیا جائے
تو ہر مساوی حصہ چوتھائی کہلاتا ہے اور 1/4 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

3/4 کیا ہے؟ اب اس کو سمجھنے کی کوشش کریں۔



- خاکے میں مساوی حصوں کی تعداد 4 ہے
- رنگ دار حصوں کی تعداد تین ہیں۔
- رنگ دار حصہ کا کسری اظہار تین چوتھائی ہے۔
- تین چوتھائی کا علامتی اظہار 3/4 ہے۔

=



- خاکے میں مساوی حصوں کی تعداد چار ہے۔
- رنگ دار حصوں کی تعداد 3 ہے۔
- رنگ دار حصوں کا کسر کا اظہار تین چوتھائی ہے۔
- اس کو اس طرح ظاہر کرتے ہیں۔۔۔۔۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جب کسی شئے کے چار مساوی حصّے کئے جائیں تو تین حصے مل کو تین چوتھائی 3/4 بنتا ہے۔


- اگر ایک شئے کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ تو ہر مساوی حصہ 1/2 ظاہر کرتے ہیں
- اگر ایک شئے کو 4 مساوی حصوں میں تقسیم کیا جاتا ئے۔ تو ہر حصہ 1/4 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
- اگر ایک شئے کو 4 مساوی حصوں میں تقسیم کیا جائے تو تین حصے ملا کر 3/4 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مشق:8.2

1. اشکال کا مشاہدہ کر کے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔




- رنگ دار حصہ کا کسری طریقہ = _____




- رنگ دار حصّہ کا کسری طریقہ = _____

- رنگ دار حصّہ کا کسری طریقہ = _____



- رنگ دار حصّہ کا کسری طریقہ = _____

- غیر رنگ دار حصّہ کا کسری طریقہ = _____




- سایہ دار حصّہ کا کسری طریقہ = _____

III. خط کھینچ کر جوڑ لگایئے۔

A	B
1) آدھا حصہ	1/4
2) چوتھائی حصہ	3/4
3) تین چوتھائی حصہ	1/2
	1/3

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہدایت کی طرح ذیل کے اشکال کو خط کشیدہ کیجئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

IV. ذیل کی ہندسی تشکیل لکھئے۔

1) آدھا حصہ ←

2) چوتھائی حصہ ←

3) تین چوتھائی حصہ ←

V. ذیل کی طرح دئے گئے کسروں کے معنی بیان کیجئے۔


1) 1/2 ← کسی شئے کے 2 مساوی حصے کئے جائیں اور ایک حصہ لیا جائے


2) 1/4 ←


3) 3/4 ←

VI. ذیل کے اشکال کا کسری اظہار کیجئے۔

مثال:1 شکل کے دومساوی حصّے کئے گئے ہیں ایک حصہ رنگ دار ہے ۔رنگ دار حصہ آدھا($\frac{1}{2}$)

1) 

2) 

3) 

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی:

پانسہ کا کھیل دوستوں کے ساتھ

ایک پانسہ لیجئے۔گتے کے ٹکڑوں پر 1/2, 1/4, 3/4 لکھئے۔ان ٹکڑوں کو پانسہ کے مقابل اضلاع پر چسپاں کیجئے۔اب ان کسروں کو ظاہر کئے جائے والے کم سے کم 5 سیٹ تیار کیجئے

اس کھیل کے لئے 3 طلبا کا گروہ بنایئے۔گروہ کے درمیان گتہ کے ٹکڑوں کو رکھئے۔ پانسہ پھینکئے۔ پانسہ کی قیمت والا گتہ کا ٹکڑا لیجئے۔ پانسہ کو آگے بڑھاتے جایئے جب تک کہ گتہ کے ٹکڑے ختم نہ ہوجائیں۔ جس نے بھی مناسب مقدار میں زیادہ سے زیادہ گتوں کو جمع کیا ہو۔وہی اس کھیل کو جیتے گا۔

☆☆☆

باب-9

رقم

Y8M9I8

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- کھیلے جانے والی رقم کے استعمال سے روپیوں کو پیسوں میں تحویل کرنا سیکھنا۔
- دوبارہ گروہ بندی کے عمودی استعمال سے رقم کی جمع اور تفریق کے ذریعہ جملہ رقم معلوم کرنا۔
- چارٹ اور رسید سے آسان حساب کرنا۔ ۔۔۔ سیکھ پاؤ گے۔

رقم کی روپئے سے پیسوں میں تبدیلی

سرگرمی:

- کھیلنے والے نوٹ اور سکّے تیار کیجئے۔
- میز پر سکہ رکھ کر اُس پر پتلا کاغذ رکھئے۔

کاغذ کو مضبوطی سے پکڑ کر پنسل سے کاغذ پر رگڑئے تا کہ سکّہ کا (ٹھپہ) نقش حاصل ہو سکے۔
اس سرگرمی کو مختلف سکوں پر دہرایئے۔ کہ نقش حاصل ہو۔

- اب نقش کو محتاط طریقہ سے کاٹیئے کہ کاغذی سکے حاصل ہوں۔



- ایک سفید کاغذ سے مختلف جسامت کے نوٹ کاٹیئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED













@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

- ان کاغذ کے ٹکڑوں پر نوٹوں کی قیمت لکھئے۔

اب آپ کے پاس کھیلنے کے لئے سکے اور نوٹ ہونگے۔

مختلف نوٹ کے مساوی سکوں کی شناخت کیجئے۔

ایک روپیہ دو پچاس پیسے کے سکوں کے مساوی ہے۔



=



ایک روپیہ 100 پیسوں کے مساوی ہے۔روپیہ کی علامت ₹ ہے۔



=



- (₹2) دوایک روپئے کے مساوی ہیں۔
- ₹2 ایک روپیہ کا ایک سکہ اور 50 پیسوں والے دوسکّوں کے مساوی ہے۔
- ₹2 چار 50 پیسے کے سکوں کے مساوی ہے
- 50 پیسے کے 4 سکّے دو روپیوں کے مساوی ہیں۔

2 روپئے 200 پیسوں کے مساوی ہیں۔



=



=

- ایک روپئے کے 5 سکے 5 روپیوں کے مساوی ہیں۔
- 2 روپئے کے 2 سکے اور ایک روپیہ کا ایک سکہ 5 روپیوں کے مساوی ہیں

5 روپئے 500 پیسوں کے مساوی ہیں۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED





- ₹10 5 روپئے کے دو سکے 10 روپئے کے مساوی ہیں
- ₹10 5 روپئے کے دو سکے
- ₹10 10 روپئے کا ایک سکّہ

10 روپئے 1000 پیسوں کے مساوی ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 9.1:

I خانہ پُری کیجئے۔

1) ایک روپیہ کے ۔۔۔۔۔۔۔ 50 پیسے کے سکے ہوتے ہیں۔

2) 2 روپیوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک روپیوں کے سکے اور

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 پیسے کے سکّے ہوتے ہیں۔

3) ایک روپیہ 50 پیسوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 پیسے کے سکّے ہوتے ہیں۔

4) 10 روپیوں میں 5 روپیوں کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکّے ہوتے ہیں۔

5) 20 روپیوں میں 5 روپیئے کے ۔۔۔۔۔۔ سکے ہوتے ہیں۔

II خط کھینچ کر جوڑ لگائیے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

رقم کو کیسے بولیں اور لکھیں۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دوکاندار کہتا ہے کہ بیاض کی قیمت 20 روپئے 5o پیسے ہے۔

الفاظ میں لکھتے ہیں۔بیس روپئے پچاس پیسے

اس کو عدد میں لکھتے وقت۔ پہلے روپئے والا حصّہ لکھئے نقطہ لگایئے اور پھر پیسوں کا حصّہ لکھئے۔لہٰذا

20 روپئے 50 پیسوں کو ایسے لکھ سکتے ہیں۔₹20.50

نمبر شمار	زبانی طریقہ	الفاظ میں	اعداد میں
1	20روپئے 50پیسے	بیس روپئے اور پچاس پیسے	₹20.50
2	75پیسے	پچہتر پیسے	₹0.75
3	روپیہ	ایک روپیہ	₹1.00
4	10روپئے25پیسے	دس روپئے اور پچیس پیسے	₹10.25
5	50روپئے	پچاس پیسے	₹50.00

یاد رکھئے:

- ہندوستان کی کرنسی روپیہ ہے۔
- روپیہ کی سب سے چھوٹی اکائی پیسہ ہے۔
- روپئے اور پیسوں کو الفاظ اور عدد میں لکھتے ہیں۔

@TBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق 9.2:

I خانہ پُری کیجئے۔

1) ہندوستان کی کرنسی کا نام ۔۔۔۔۔۔ ہے۔ 2) روپیہ کی سب سے چھوٹی اکائی ۔۔۔۔۔ ہے

3) روپیہ کی علامت ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ 4) دو روپیوں کا عددی طریقہ ۔۔۔۔۔ ہے۔

II کوشش کیجئے۔

نمبر شمار	زبانی طریقہ	الفاظ میں	عدد میں
1		چھیاسٹھ پیسے	0.66
2	اروپیہ		1.00
3	20روپئے50پیسے	بیس روپئے اور پچاس پیسے	
4		اسی روپئے اور پچہتر پیسے	
5	96روپئے75پیسے		

روپیوں کو پیسوں میں تحویل کرنا

آپ کو معلوم ہے۔ایک روپیہ=100 پیسے

مثالیں (جب صرف روپئے دئے جائیں)

پیسے 200=2×100=2 روپئے

پیسے 700=7×100=7 روپئے

پیسے 800=8×100=8 روپئے

پیسے 1000=10×100=10 روپئے

پیسے	100 سے ضرب دیجئے	روپئے
300 پیسے	3 × 100	₹ 3
500 پیسے	5 × 100	₹5
600 پیسے	6 × 100	₹6
900 پیسے	9 × 100	₹9

اگر روپیوں کو پیسوں میں تحویل کرنا ہو تو 100 سے ضرب دیجئے۔

مثالیں: روپئے اور پیسوں کو پیسوں میں تبدیل کرنا

ایک روپیہ 25 پیسے =(1×100)+25

=100 پیسے+25 پیسے

=125 پیسے

ایک روپیہ 25 پیسے = (5×100)+50

=500 پیسے+50 پیسے

=550 پیسے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پیسے	پیسوں میں تبدیل کرنے کا طریقہ	روپئے اور پیسے
350 پیسے	(3×100)+25 50 پیسے+300 پیسے 350 پیسے	3 روپے 50 پیسے
905 پیسے	(9×100)+5 5 پیسے+900 پیسے 905 پیسے	9 روپئے 5 پیسے

جب روپئے اور پیسے دونوں دئے جائیں تو پیسوں میں تحویل کیجئے۔ صرف روپئے والا حصّہ 100 سے ضرب دیجئے۔ اور پیسوں کو حاصل ضرب میں جمع کیجئے۔

زبانی روپئے کو پیسوں میں تحویل کرنا۔

نمبر شمار	روپئے	پیسے
1	₹ 5.00	500 پیسے
2	₹3.25	325 پیسے
3	₹6.55	655 پیسے
4	₹4.05	405 پیسے
5	₹6.19	619 پیسے
6	₹5.06	506 پیسے
7	₹0.95	95 پیسے
8	₹9.90	990 پیسے

اگر ہم روپیہ اور پیسے کے درمیان نقطہ نکال دیں تو بقیہ عدد پیسے ظاہر کریگا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق:9.3

I. مندرجۂ ذیل کو پیسوں میں تحویل کیجئے۔

1) ₹ 3.00 = ... 6) ₹ 2.25 = ...

2) ₹ 7.00 = ... 7) ₹ 6.25 = ...

3) ₹ 8.00 = ... 8) ₹ 5.25 = ...

4) ₹ 4.00 = ... 9) ₹ 7.75 = ...

5) ₹ 6.00 = ... 10) ₹ 9.50 = ...

II خانہ پُری کیجئے۔

نمبر شمار	روپئے/پیسے	پیسے
1	1روپیہ	100پیسے
2	5روپئے	
3	2روپئے	
4	1روپیہ75پیسے	
5	8روپئے90پیسے	
6	5روپئے15پیسے	
7	7روپئے25پیسے	
8	8روپئے50پیسے	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رقم کی جمع اور تفریق:

کالم کے استعمال سے روپئے اور پیسوں کو جمع اور تفریق کرنا سیکھیں۔

مثال 1:

26 روپئے 40 پیسے اور 31 روپئے 20 پیسوں کو جمع کیجئے۔

☆ روپئے کے کالم میں روپئے لکھئے۔

☆ پیسوں کے کالم میں پیسے لکھئے۔

☆ پیسوں سے پیسوں کو جمع کر کے پیسوں کے کالم میں لکھئے۔

☆ روپیوں سے روپیوں کو جمع کر کے روپیوں کے کالم میں لکھئے۔

روپئے	پیسے
26	40
31	20
57	60

₹ 57.60

مثال 2:

☆ اعداد کو جمع کیجئے

☆ نقطۂ اعشاریہ کے نیچے نقطہ اعشاریہ لکھئے۔

☆ روپئے کی علامت لکھئے۔

₹ 42 . 60
₹ 36 . 00
₹ 78 . 60

مثال 3:

21 روپئے 30 پیسوں کو 64 روپئے 80 پیسے سے تفریق کیجئے۔

☆ روپیوں کو روپئے کے کالم میں لکھئے۔

☆ پیسوں کو پیسے کالم میں لکھئے۔

☆ پیسوں سے پیسوں کو تفریق کیجئے نتیجہ پیسے کے کالم میں لکھئے۔

☆ روپیوں سے روپیوں کو تفریق کیجئے نتیجہ روپیوں کے کالم میں لکھئے۔

روپئے	پیسے
64	80
- 21	30
43	50

₹ 43.50

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مثال 4: 80.75 سے 35.60 تفریق کیجئے۔

☆ اعداد کی تفریق جیسے تفریق کیجئے۔

☆ نقطہ اعشاریہ کے نیچے نقطۂ اعشاریہ رکھئے۔

☆ نتیجہ میں ₹ کی علامت لکھئے۔

روپئے	پیسے
80	75
-35	60
45	15

₹ 45.15

درج ذیل اشیاء اور ان پر دی گئی قیمتوں کا مشاہدہ کیجئے۔



₹ 2.00



₹ 18.25



₹ 13.75



₹ 40.00



₹ 20.50



₹ 20.25

آپ اور آپ کے دوستوں نے مل کر مندرجۂ ذیل چیزیں خریدی ہیں۔ شئے پر دی گئی قیمت کا مشاہدہ کیجئے اور جانچئے کہ مجموعہ صحیح ہے۔

☆ ایک پنسل اور بیاض کی جملہ قیمت

روپئے	پیسے
2	00
+18	25
20	25

☆ ایک رنگین پنسل کا ڈبہ اور ایک بیاض کی جملہ قیمت

روپئے	پیسے
20	50
+18	25
38	75

☆ سیاہی کی دوات اور ایک پین کی مجموعی قیمت دریافت کیجئے۔

روپئے	پیسے
+	

@TMS NOT TO BE REPUBLISHED

زبانی مسائل

درجۂ ذیل کے مسائل پڑھئے۔زبانی مسائل کیسے حل کرنا ہے سمجھئے۔

مثال: رضیہ ایک پین 10.25 میں اور ایک بیاض 18.25₹ میں خریدتی ہے وہ خریدنے کے لئے کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

پین خریدنے کے لئے خرچ شدہ رقم = ₹ 10.25

بیاض خریدنے کے لئے خرچ شدہ رقم = ₹ 18.25

جملہ خرچ شدہ رقم = ₹ 28.50

مثال 2:۔سمینہ کے پگی بینگ میں 56.75₹ تھے۔نانا کی دی گئی رقم 43.15₹ بھی پگی بینک میں جمع کرتی ہے۔تو پگی بینک میں جملہ کتنی رقم ہے؟

پگی بینک میں موجود رقم = ₹ 56.75

نانا کی دی گئی رقم = ₹ 43.15

پگی بینک میں جملہ رقم = ₹ 99.90

مثال 3:۔راجو کے پاس 35.50₹ تھے۔گیند خریدنے کیلئے اس نے 25.20₹ خرچ کردئے۔

اب راجو کے پاس بقیہ رقم کیا ہے؟

راجو کے پاس موجود رقم = ₹ 85.50

گیند خریدنے کے لئے خرچ شدہ رقم = ₹ 25.20

راجو کے پاس بقیہ رقم = ₹ 60.30

جب آپ زبانی سوالات حل کرتے ہیں۔

☆ دئے گئے معلومات کو عبارتوں میں لکھئے۔

☆ جب آپ مجموعہ دریافت کرنا ہو تو جمع کا عمل لکھئے۔

☆ جب آپ کو بقیہ دریافت کرنا ہو تو کتنا زیادہ یا کتنا کم تفریق کا عمل لکھئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق:9.4

I. مندرجۂ ذیل جمع کیجئے۔

(1

روپئے	پیسے
88	05
+ 11	90

(2

روپئے	پیسے
44	36
+ 52	61

(3

روپئے	پیسے
35	67
+ 21	32

(4

روپئے	پیسے
130	20
+ 61	70

(5

روپئے	پیسے
200	15
+ 65	32

(6

روپئے	پیسے
450	90
+ 35	05

(7

روپئے	پیسے
475	00
+ 20	75

(8

روپئے	پیسے
820	25
+ 25	50

(9

روپئے	پیسے
325	75
+ 25	00

(10

روپئے	پیسے
320	25
+ 425	25

II. مندرجۂ ذیل تفریق کیجئے۔

(1

روپئے	پیسے
75	50
− 30	15

(2

روپئے	پیسے
90	75
− 45	25

(3

روپئے	پیسے
37	50
− 25	30

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

4)

روپئے	پیسے
99	99
− 55	55

5)

روپئے	پیسے
85	75
− 50	65

6)

روپئے	پیسے
79	80
− 35	50

7)

روپئے	پیسے
120	25
− 50	20

8)

روپئے	پیسے
135	80
− 50	75

9)

روپئے	پیسے
100	75
− 75	25

10)

روپئے	پیسے
75	25
− 50	20

III. مندرجۂ ذیل زبانی سوالات حل کیجئے۔

1) راجو چاکلیٹ کے لئے ₹19.25 خرچ کرتا ہے اور بسکٹ کیلئے ₹6.25 خرچ کرتا ہے۔ راجو کی جملہ خرچ شدہ رقم کیا ہوگی؟

☆ چاکلیٹ کے لئے خرچ شدہ رقم =

☆ بسکٹ کے لئے خرچ شدہ رقم =

☆ راج کی خرچ شدہ جملہ رقم =

2) رانی کے والد اس کو ₹80 دیتے ہیں اور اس کی ماں ₹25.25 دیتی ہے۔ اب رانی کے پاس جملہ رقم کیا ہے؟

☆ رانی کے والد کی دی گئی رقم =

☆ رانی کے والدہ کی دی گئی رقم =

☆ رانی کے پاس جملہ رقم =

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

3) شیکھر ایک آئس کریم ₹7.25 میں خریدتا ہے۔ اور ₹5.25 میں ایک پین بھی خریدتا ہے۔ شیکھر نے جملہ کتنی رقم خرچ کی؟

4) رادھا کو رنگ سازی کے مقابلہ میں ₹75.25 کا انعام ملا اور ریاضی کے کوئز میں بھی ₹20.50 کا انعام ملا۔ اُس کو جملہ کتنی رقم انعام میں ملی؟

5) اکبر تصویر نگاری کے کاغذ ₹38.25 میں خریدتا ہے۔ اور رنگین کھریا بھی ₹20.50 میں خریدتا ہے۔ اُس نے جملہ کتنی رقم خرچ کی؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مندرجہ ذیل مسائل حل کیجئے۔

1) ریکھا کے پاس ₹125.50 تھے۔ اُس نے ₹13.75 آئس کریم پر خرچ کئے۔ اب اس کے پاس کتنی رقم باقی ہے؟

☆ ریکھا کے پاس جملہ رقم =

☆ آئس کریم پر خرچ شدہ رقم =

☆ بقیہ رقم =

2) جنید کے پاس ₹125.50 تھے۔ اُس نے اپنی بہن کیلئے ₹75.25 میں ایک گڑیا خریدی۔ اس کے پاس کتنی رقم باقی ہے؟

☆ جنید کے پاس رقم =

☆ گڑیا خریدنے کے لئے خرچ شدہ رقم =

☆ اُس کے پاس بقیہ رقم =

3) رخسار کے پاس ₹20.00 تھے۔ اس نے ٹماٹر خریدنے کے لئے ₹15.50 خرچ کئے۔ رخسار کے پاس باقی رقم کیا ہے؟

4) آپ کے پاس ₹100.75 ہیں۔ سالگرہ کے لئے اگر آپ نے ₹50.25 چاکلیٹ پر خرچ کئے۔ آپ کے پاس بقیہ رقم کیا ہے؟

5) آپ کے والد آپ کو ₹50.75 دئے اور اپنے بھائی کو ₹25.50 آپ نے اپنے بھائی سے زیادہ کتنی رقم حاصل کی؟


©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


اشیائی فہرست



قیمتوں کی فہرست

اشیاء	قیمتیں
چاول	₹ 31.00
شکر	₹ 28.00
توردال	₹ 62.00
گیہوں	₹ 30.00





© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

ہر دکان پر قیمتوں کی فہرست کی نمائش ضروری ہے۔اس سے ہمیں اشیاء کی قیمت معلوم ہوتی ہے جن کو ہمیں دکان سے خریدنا ہے۔

اب بیکری کی قیمتوں کی فہرست دیکھئے۔

کرشنا بیکری بنگلور



قیمتوں کی فہرست

اشیاء	تعداد	قیمت
بریڈ	1 پونڈ	₹ 12.00
کپ کیک	1	₹ 5.50
چاکلیٹ	1	₹ 2.00
ترکاری پف	1	₹ 10.00
انڈا پف	1	₹ 11.00

NOT TO BE REPUBLISHED

الماس بیکری جاتی ہے۔خریدی جانے والی ذیل کی چیزوں کی قیمت معلوم کرنے میں اس کی مدد کریں۔

1 انڈا پف = _____

1 پونڈ بریڈ = _____

1 چاکلیٹ = _____

آسان رسید



رسید

KST NO

حسینہ ٹکسٹائلس

CST NO

یم۔جی۔روڈ گلبرگہ

رسید نمبر:15702

نام: اسلم

مورخہ:10-04-2012

نمبر شمار	اشیاء	تعداد	قیمت	جملہ رقم
.1		1	250	₹ 250.00
.2	ساڑی	1	725	₹ 725.00
.3	چوڑیدار	1	375	₹ 375.00
			VAT	70 = 00
			جملہ	₹ 1420.00

جملہ رقم 1420 = 00

الفاظ میں: صرف ایک ہزار چار سو بیس روپئے

دکاندار کے دستخط

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہمیں اس پرچی سے یہ جانکاری حاصل ہوئی ہے کہ

- ☆ دکان کا نام اور پتہ
- ☆ بل نمبر اور خریداری کی تاریخ
- ☆ خریدار کا نام
- ☆ خریدی گئی اشیاء کی تفصیلات
- ☆ ہر شئے کی قیمت خرید
- ☆ عدد اور الفاظ میں ادا کی گئی رقم
- ☆ دکاندار کے دستخط

عمران سامان کتابت کی (اسٹیشنیری) دکان جاتا ہے۔ ایک 200 صفحات کی بیاض جو 100 صفحات کی بیاض اور 5 پنسل خریدتا ہے۔ دی گئی رسید اور قیمتوں کی فہرست پر غور کیجئے۔ کیا یہ صحیح ہے جانچ کیجئے۔

اشیاء کی رسید	
فی شئے کی قیمت	جملہ رقم
₹ 30 - 00	200 صفحات کی کتاب
₹ 15 - 00	100 صفحات کی کتاب
₹ 5 - 00	ربر
₹ 10 - 00	پین
₹ 4 - 00	پنسل

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رسید

راجہ رام کتب خانہ

KST-0243
CST-04567

شیموگہ

رسید نمبر:453

نام: عمران

مورخہ: 11- 03 - 15

نمبر شمار	اشیاء	تعداد	قیمت	جملہ رقم
.1	200 صفحات کی بیاض	1	30.00	₹ 30.00
.2	100 صفحات کی بیاض	2	15.00	₹ 30.00
.3	پنسل	5	4.00	₹ 20.00
			VAT 4%	₹3.20
	جملہ			₹ 83.20

جملہ رقم ₹ 83.20 (الفاظ میں صرف تراسی روپیہ بیس پیسے)

دکاندار کا دستخط۔۔۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشق:9.5

خانہ پُری کیجئے۔

1) پرچی جو دکاندار سے ہم لیتے ہیں جس میں خریدے گئے تفصیلات سامان ہوتے ہیں _____ کہلاتی ہے۔

2) دکان میں نمائشی تختی جو ہر شئے کی قیمت بتلاتی ہے _____ کہلاتی ہے۔

3) بل میں جملہ رقم کو اعداد اور _____ میں لکھتے ہیں۔

درج ذیل کا مشاہدہ کیجئے اور ذیل کے سوالات کے جوابات لکھئے۔

رسید

جگدمبا ٹکسٹایل ،بنگلور

KST-0453

CST-06567

رسید نمبر:301

نام: پاروتی مورخہ:30 - 12 - 2011

نمبر شمار	اشیاء	تعداد	قیمت	جملہ رقم
.1	ساڑی	1	₹ 450.00	₹ 450.00
.2	بلوز	2	₹ 25.00	₹ 50.00
.3	دستی	5	₹ 10.00	₹ 50.00
	VAT4%			₹ 22.00
جملہ				₹ 572.00
جملہ رقم ₹ 572.00		(الفاظ میں صرف پانچ سو باہتر روپئے)		

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ذیل کی بل کا مشاہدہ کیجئے اور ذیل کے سوالات کے جوابات لکھئے۔

1. گاہک کا نام کیا ہے؟ _____
2. ساڑی کی قیمت خرید کیا ہے؟ _____
3. دستی کی قیمت خرید کیا ہے؟ _____
4. دکاندار کو دی گئی جملہ رقم کیا ہے؟ _____
5. بل کا نمبر کیا ہے؟ _____

سرگرمی: آپ کے گھر میں موجود رسیدوں کی تفصیلات کا مطالعہ کیجئے۔

☆☆☆

باب-10

پیمائش

F1A7T9

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ۔۔۔

- معیاری اکائی کی ضرورت کو معلوم کرنا۔
- میٹر اور سنٹی میٹر سے لمبائی کی پیمائش کا ہنر سیکھنا۔
- پیمائش کے لحاظ سے مناسب آلات کا استعمال کرنا۔
- دی گئی شئے کی لمبائی کا تخمینہ معیاری اکائی میں کریں گے۔اور پیمائش کے ذریعہ تصدیق کرنا
- پیمائشی آلات کا استعمال سیکھنا۔
- میٹر اور سنٹی میٹر کے درمیانی تعلق کا اظہار کریں گے اور سراہنا۔
- تخمینہ لمبائی کو پیمائش پٹی کے استعمال سے پیمائش کر کے تصدیق کرنا۔
- تخمینہ لمبائی اور حقیقی لمبائی کے فرق کو پیمائیں کرنا۔
- غیر معیاری اکائیوں کے استعمال سے اشیاء کا وزن معلوم کرنا۔
- وزن کی پیمائشی اکائیاں معلوم کرنا۔
- حجم کی اکائیاں معلوم کرنا۔
- کیلنڈر کی مدد سے تاریخ اور اس سے متعلقہ دن لکھنا۔
- گھنٹوں کے قریبی وقت کو دیکھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- روزمرہ سرگرمیوں کو وقت سے ترتیب نا۔
- غیر معیاری اکائیوں کے استعمال سے پیمائس معلوم کرنا۔

۔۔۔سیکھ پاؤ گے۔

© DTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عید کی تیاری

جیوتی اپنے والد کے ساتھ گوری گنیش عید کیلئے پھول خریدنے جاتی ہے۔ والد کے پھول خریدتے وقت غور کرتی ہے۔



والد: مجھے پھول خریدنے ہیں۔

گل فروش: جناب آپ کو کتنے دوں؟

والد: مجھے ایک گز پھول چاہیئے۔

گل فروش کا بیٹا: ابّا میں پھول ناپوں گا۔

والد: نہیں نہیں والد کو ناپنے دو

جیوتی: ابّا لڑکا ناپنا چاہتا ہے۔ ناپنے دو نا۔

والد: بیٹی۔ اگر اس کا باپ پیمائش کرے تو زیادہ پھول ملیں گے۔

جیوتی: ابّا اس کو پیمائش کرنے دو۔

باپ: اچھا ہر ایک سے ایک گز پھول دیں۔

جیوتی: وہ کیسے۔؟ باپ اور بیٹے دونوں ایک گز ہی پھول دیں گے۔ میں نے پہلے ہی گز بالشت وغیرہ پیمائش پڑھی ہے۔


والد: لیکن، بیٹے کی ایک گز کی پیمائش سے گل فروش کی پیمائش زیادہ ہوگی۔

جیوتی: ہاں مجھے ایسا کیوں نہیں محسوس ہوا؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پیمائش: کیوں اور کتنی؟

کمار۔رمیا۔سلمہ اور جان بالشت کے استعمال سے تختۂ سیاہ کی پیمائش کر رہے ہیں۔



استاد: بچوں کیا کر رہے ہو؟

طلباء: ہم ہاتھ سے تختۂ سیاہ کی پیمائش کر رہے ہیں۔

استاد: کیا تمام کی پیمائش مساوی ہے؟

طلباء: نہیں۔سر

استاد: پٹی لیجے اب تمام پٹی کی مدد سے پیمائش کر کے جدول میں لکھئے۔


طلباء کا نام	جب پٹی سے پیمائش کریں۔
کمار	20 مرتبہ
سلمہ	20 مرتبہ
رمیا	20 مرتبہ
جان	20 مرتبہ

پیمائش پر غور کیجئے۔تمام پیمائش مساوی ہیں کیوں؟ سوچئے۔

تمام طلباء نے ایک ہی پٹی استعمال کئے ہیں
لہٰذا، تمام پیمائشات مساوی ہیں۔

@KEBS NOT TO BE REPUBLISHED

پٹی کا مشاہدہ کیجئے۔



اس پٹی میں پہلا عدد [ ] ہے۔

اس پٹی میں آخری عدد [ ] ہے۔

اس پٹی میں لمبے خطوط کی تعداد [ ] ہے۔


دو لمبے خطوط کے درمیان چھوٹے خطوط کی تعداد [ ] ہے۔

اسی طرح 9 چھوٹے خطوط اور ایک بڑا خط مل کر 10 خطوط کا گروہ بنتا ہے۔

ان 10 خطوط کے گروہ کو ایک سنٹی میٹر کہتے ہیں۔ اسطرح لکھتے ہیں 1cm ایک چھوٹی پٹی میں اسی طرح کے 15 گروہ ہیں لہٰذا ایک چھوٹی پٹی 15cm لمبی ہے۔

ہم اس پٹی کے استعمال سے کئی چیزوں کی لمبائی کی پیمائش کر سکتے ہیں۔

ان اشکال کا مشاہدہ کر کے لمبائی کی پیمائش کا طریقہ سیکھئے۔




NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

ذیل کے اشکال کی پیمائش پٹی کی مدد سے کیجئے اور دی گئی خالی جگہ میں لکھئے۔











@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


مشق:10.1

پٹی کی مدد سے ذیل کے اشیاء کی لمبائی کی پیمائش کر کے خالی جگہوں میں سنٹی میٹر میں لکھئے۔

1) 

2) 

3) 

4) 

5) 

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

6)

7)



(دکان میں کپڑوں کی پیمائش) میٹر پٹی


کیا آپ نے دکان میں استعمال کی جانے والی میٹر پٹی پر غور کیا ہے؟



وہ بڑی پٹی استعمال کرتے ہیں کیوں؟ سوچئے۔ چھوٹی پٹی کے استعمال سے لمبی اشیاء کی پیمائش میں آسانی نہیں ہوتی کیونکہ پیمائش کے لئے زیادہ وقت لگتا ہے اور بہت مشکل ہوتی ہے۔ لہٰذا بڑی پٹی استعمال کرتے ہیں۔ اس بڑی پٹی کو میٹر پٹی کہتے ہیں۔

1 میٹر کی لمبائی 100 سنٹی میٹر (cm) ہوتی ہے۔

لہٰذا 1 میٹر = 100 سنٹی میٹر۔



NOT TO BE REPUBLISHED

درجۂ ذیل اشیاء کی لمبائی پیمائش کے لئے مناسب پیمائش پر صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔

اشیاء	سنٹی میٹر پٹی	میٹر پٹی
پین کی لمبائی	✓	
جماعتی کمرہ کی لمبائی		
کرکٹ بیاٹ کی لمبائی		
کھیل کے میدان کی لمبائی		
دروازہ کی اونچائی		✓
کتاب کی لمبائی		
ساڑی کی لمبائی		
ربر کی لمبائی		
پینسل کی لمبائی		

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

آپ کی تیار شدہ پٹی یا حاصل ہونے والی میٹر پٹی سے درج ذیل ناپے تقریباً میٹر میں پیمائش کو دی گئی جگہ میں درج کیجئے۔

1 جماعت کے تختۂ سیاہ کی لمبائی

2 جماعت کے میز کی لمبائی

3 جماعت کے بینچ کی لمبائی


4 جماعت کے دوازہ کی چوڑائی

5 جماعت میں آپ کی جگہ سے تختۂ سیاہ کی لمبائی کا فاصلہ

6 کمرہ کے دو دیواروں کی لمبائی کا درمیانی فاصلہ

مشق:10.2

I. خاکہ میں موڑے ہوئے رنگین پٹیوں کو مناسب پٹی کے استعمال سے پیمائش کیجئے۔ ذیل کے سوالات کے جوابات دیجئے۔




رنگ	لمبائی سنٹی میٹر میں
سفید	
نیلا	
ہرا	
زعفرانی	
لال	
پیلا	

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

- لال پٹی سے کم پیمائش والے رنگین پٹیاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔
- بہت لمبی رنگین پٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے
- سب سے چھوٹی رنگین پٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
- نیلے اور پیلے پٹیوں کی جملہ لمبائی ہے۔۔۔۔۔

- اگر ہری اور نیلی پٹی کی پیمائش مساوی چاہیئے تو اس کو۔۔۔۔۔بڑھانا چاہیئے۔
- سفید اور پیلے پٹیوں کا درمیانی فرق۔۔۔۔۔۔ہے۔

II. دی گئی شکل کے بازوؤں کی پیمائش کر کے اندراج کیجئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. جماعتی کمرے کی لمبائی اور چوڑائی کی پیمائش کیجئے۔اور لمبائی کو تقریباً میٹر میں اندراج کیجئے۔

1 جماعتی کمرہ کی لمبائی = ...

2 جماعتی کمرہ کی چوڑائی = ...

تخمینہ اور پیمائش

اشکال کا مشاہدہ کیجئے۔ اور لمبائی کا تخمینہ کیجئے۔ پیمائش کو راست جانچئے۔

* 


تخمینہ لمبائی ☐
حقیقی لمبائی ☐

* 

تخمینہ لمبائی ☐
حقیقی لمبائی ☐

*

تخمینہ لمبائی ☐
حقیقی لمبائی ☐

* 

تخمینہ لمبائی ☐
حقیقی لمبائی ☐

* 

تخمینہ لمبائی ☐
حقیقی لمبائی ☐

* 

تخمینہ لمبائی ☐
حقیقی لمبائی ☐

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

آپ کے 5 دوستوں کا اُونچائی کا تخمینہ لیجئے۔ حقیقی پیمائش سے جانچئے۔

طلباء کے نام	تخمینہ اونچائی	حقیقی اونچائی

مشق 10.3

پیمائشی پٹی کے استعمال سے ان خطوط کی لمبائی کا تخمینہ لیجئے۔ حقیقی پیمائش جانچئے۔

1) _____ تخمینہ لمبائی ☐ حقیقی لمبائی ☐

2) _____ تخمینہ لمبائی ☐ حقیقی لمبائی ☐

